NYC | Department of Health and Mental Hygiene | Department of Education

جون 2019

عزیزی والدین / سرپرست،

13 جون، 2019 سے، نیویارک میں پبلک، نجی اور مذہبی اسکول اور چائلڈ کئیر پروگرامز اسکول کے مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات کے لیے مذہبی استثنا قبول نہیں کرسکتے۔ اس قانون کا اطلاق پری کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 کے طلبا اور تمام چائلڈ کئیر ترتیبوں پر ہوتا ہے۔ اسکول اور چائلڈ کئیر پروگرامز طبی استثنا قبول کرنا جاری رکھیں گے۔

گرمیوں یا تمام سال پروگرامنگ میں شرکت کرنے والے بچے

وہ بچے جن کے پاس مذہبی استثنا ہے اور جو گرمیوں میں چائلڈ کئیر یا پبلک، نجی یا مذہبی اسکول میں شرکت کریں گے ان کے لیے اسکول یا چائلڈ کئیر میں شرکت کرنے یا بدستور رہنے کے لیے عمر کے متناسب ہر مدافعتی ٹیکے سلسلے کی پہلی خوراک 28 جون، 2019 تک موصول کرنا لازمی ہے۔ اس کے علاوہ، 14 جولائی، 2019 تک ایسے بچوں کے والدین اور سرپرستوں کے لیے یہ دکھانا لازمی ہے کہ انہوں نے دیگر تمام مطلوبہ مابعد خوراکوں کے لیے شیڈول طے کرلیا ہے۔

تعلیمی سال کے آخر تک شرکت کرنے والے اور تعلیمی سال 20-2019 میں واپس آنے والے بچے

طلبا کو اسکول میں شرکت کرنے کے واسطے مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے۔ وہ بچے جنہوں نے تمام مطلوبہ مدافعتی ٹیکے موصول نہیں کیے ہیں انہیں ہر مدافعتی ٹیکوں کے سلسلے کی پہلی خوراک اسکول یا چائلڈ کئیر میں اندراج کے پہلے دن کے بعد 14 کیلنڈر دنوں کے اندر موصول کرنا لازمی ہے۔ ایسے بچوں کے والدین یا سرپرستوں کو اسکول کے پہلے دن کے 30 کیلنڈر دنوں کے اندر یہ دکھانا لازمی ہے کہ انہوں نے تمام مابعد خوراکوں کے لیے وقت شیڈول کرلیا ہے۔
تعلیمی سال 20-2019 کے لیے اسکول مدافعتی ٹیکوں کے نئے مطلوبات کی فہرست ذیل میں ہے۔

چائلڈ کئیر سے لے کر گریڈ 12 تک تمام طلبا کی ذیل کی ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل لازمی ہے:

- DTaP (ڈپتھیریا، ٹیٹنس اور اکیولر پرٹوسس یا کالی کھانسی)
- پولیووائرس
- MMR (میزلز، ممپس، روبیلا)
- ورسلا (چکن پوکس)
- ہیپاٹائٹس B

5 سال سے کم عمر کے بچے جو چائلڈ کئیر اور پری کنڈرگارٹن میں مندرج ہیں ان کے لیے بھی ان ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل لازمی ہے:

- Hib (*Haemophilus influenza* type b)
- PCV (نیموکوکل بیماری)
- انفلوئنزا (فلو): بچوں کے لیے فلو کی ویکسین 31 دسمبر، 2019 تک موصول کرنا لازمی ہے

گریڈز 6 سے 12 تک کے بچوں کے لیے بھی ان ویکسینز کے مطلوبات کی تکمیل لازمی ہے:

- Tdap booster (ٹیٹنس، ڈپتھیریا اور پرٹوسس)
- MenACWY (مینںجوکوکل بیماری)

برائے مہربانی اپنے بچے کی مدافعتی ٹیکوں کی فہرست کا ان کے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ جائزہ لیں۔ ان کا فراہم کنندہ آپ کو بتا سکتا ہے کہ آپ کے بچے کو چائلڈ کئیر جانے یا اسکول میں بدستور رہنے کے لیے ایک یا زائد ویکسینز کی اضافی خوراکیں درکار ہیں۔
schools.nyc.gov پر جائیں اور مطلوبہ ویکسینز کی مکمل فہرست کے لیے "immunizations" تلاش کریں۔ اگر آپ کے بچے کے لیے اپنے صحتیاتی نگہداشت فراہم کنندہ سے ویکسینز لگوانا ممکن نہ ہو، محکمئہ صحت کا ایک واک ان مدافعتی ٹیکوں کا کلینک ہے (www1.nyc.gov/site/doh/services/immunization-clinics.page)۔

اگر آپ کے ان مطلوبات کے بارے میں کوئی سوالات ہوں، برائے مہربانی اپنے چائلڈ کئیر مرکز یا اسکول کے انتظامی دفتر سے رابطہ کریں۔